**فوری ریلیز کے لیے:** 2023/5/3 **گورنر *KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے مالی سال 2024 کے بجٹ کے حصے کے طور پر ریاست نیویارک میں بھنگ کی غیر قانونی مارکیٹ کو روکنے کے لیے قانون سازی پر دستخط کیے***

نئے قوانین ***دفتر برائے بھنگ منیجمنٹ اور محکمہ ٹیکسیشن اینڈ فنانس کو غیر لائسنس یافتہ ڈسپنسریوں کے خلاف کارروائی کرنے کا اختیار دیتے ہیں***
***جرمانوں میں 20,000$ فی دن تک کے جرمانے شامل ہیں***

***OCM پروڈکٹ ضبط کر سکتا ہے اور غیر قانونی دکانوں کو بند کرنے کے لیے حکم امتناعی طلب کر سکتا ہے؛ DTF غیر ادا شدہ ٹیکسوں کے لیے جرمانے اور جرمانے جاری کر سکتا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج مالی سال 2024 کے بجٹ کے حصے کے طور پر نیویارک میں بھنگ کی غیر لائسنس یافتہ اور غیر قانونی فروخت کے لیے دیوانی اور ٹیکس جرمانے میں اضافے کے لیے نئی قانون سازی پر دستخط کیے۔ یہ قانون سازی، جو کہ پہلے گورنر کی طرف سے مارچ میں تجویز کی گئی، دفتر برائے بھنگ منیجمنٹ اور محکمہ ٹیکسیشن اینڈ فنانس کو نئے قانونی ٹاضے نافذ کرنے اور بھنگ کی غیر قانونی فروخت میں ملوث اسٹورز کو بند کرنے کے لیے اضافی نفاذ کا اختیار دیتی ہے۔

"چونکہ نیو یارک ریاست اپنی بھنگ کی صنعت کو قائم کرنے کے لیے ایک نیشن لیڈنگ ماڈل کو آگے بڑھا رہی ہے، یہ اہم نفاذی اقدامات نیویارک کے شہریوں کو غیر قانونی، غیر ریگولیٹڈ فروخت سے بچائیں گے،" **گورنر ہوچل نے کہا۔** "غیر لائسنس یافتہ ڈسپنسریاں ہمارے قوانین کی خلاف ورزی کرتی ہیں، صحت عامہ کو خطرے میں ڈالتی ہیں اور قانونی بھنگ کی مارکیٹ کو نقصان پہنچاتی ہیں۔ نفاذ کے ان ٹولز کے ساتھ، ہم محفوظ پروڈکٹس، ان کمیونٹیز میں دوبارہ سرمایہ کاری جنہوں نے برسوں سے غیر متناسب نفاذ کا سامنا کیا، اور نیو یارکرز کے لیے زیادہ مواقع پیدا کرنے کی راہ ہموار کر رہے ہیں۔"

قانون سازی دفتر برائے بھنگ منیجمنٹ اور محکمہ ٹیکسیشن اینڈ فنانس کو یہ اختیار دیتی ہے کہ وہ نیو یارک اسٹیٹ میں بغیر لائسنس کے اسٹور فرنٹ اور ٹرکوں سے بھنگ کی فروخت اور/یا تحفہ دینے کو روکیں۔ خاص طور پر، ریاستی قانون میں یہ تبدیلی دفتر برائے بھنگ منیجمنٹ کو غیر لائسنس یافتہ بھنگ کے کاروبار کے خلاف دیوانی جرمانے کا تعین کرنے کی اجازت دے گی جو ان کی سرگرمیوں کو کمزور کرے گا، جس میں انتہائی سخت طرز عمل پر روزانہ 20,000$ تک کے جرمانے ہوں گے۔ یہ قانون سازی لائسنس کے بغیر بھنگ اور بھنگ کی پروڈکٹس فروخت کرنے کو بھی جرم قرار دیتی ہے۔

اس کے علاوہ، یہ قانون بھنگ اور بھنگ کی پروڈکٹس فروخت کرنے والے کاروبار کے ریگولیٹری معائنے کرنے کے لیے دفتر برائے بھنگ منیجمنٹ کی صلاحیت کو تقویت دے گا، اس میں وہ کاروبار بھی شامل ہیں جو بھنگ اور بھنگ کی پروڈکٹس کو بالواسطہ طریقوں سے فروخت کرتے اور بانٹتے ہیں، جیسے کہ نام نہاد " اسٹیکر شاپس"۔ دفتر برائے بھنگ منیجمنٹ بغیر لائسنس کے کاروباروں سے بغیر جانچ شدہ بھنگ اور بھنگ کی پروڈکٹس کو ضبط کرے گا، اور عدالتی احکامات، بند کرنے کے احکامات، اور تجارتی کرایہ داروں کو ہٹانے کا مطالبہ کرے گا جو مناسب لائسنس کے بغیر بھنگ اور بھنگ کی پروڈکٹس فروخت کر رہے ہیں۔

محکمہ ٹیکسیشن اینڈ فنانس اب بھنگ فروخت کرنے والے کاروباروں کے ریگولیٹری معائنے کر سکے گا تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ آیا مناسب ٹیکس ادا کیا گیا ہے اور جہاں مناسب ٹیکس ادا نہیں کیے گئے ہیں وہاں سول جرمانے عائد کر سکیں گے۔ قانون سازی ان کاروباروں کے لیے ٹیکس فراڈ کے ایک نئے جرم کا بھی تعین کرتی ہے جو جان بوجھ کر بھنگ کے مطلوبہ ٹیکس جمع کرنے یا بھیجنے میں ناکام رہتے ہیں، یا جان بوجھ کر کوئی بھنگ فروخت کرنے کے لیے اپنے پاس رکھتے ہیں جس پر ٹیکس ادا کرنا ضروری تھا لیکن ایسا نہیں کیا گیا۔

**دفتر برائے بھنگ منیجمنٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Chris Alexander نے کہا،** "آج، ریاست نے نیویارک کے لوگوں کی صحت عامہ کے تحفظ اور ہماری ریاست کی بڑھتی ہوئی بھنگ کی صنعت کو سپورٹ کرنے کے لیے ایک ضروری قدم اٹھایا۔ میں گورنر Kathy Hochul، سینیٹ کی اکثریتی رہنما Andrea Stewart-Cousins اور اسمبلی کے سپیکر Carl Heastie کی جانب سے ملک میں بھنگ کی سب سے زیادہ منصفانہ مارکیٹ قائم کرنے کے عزم کا مظاہرہ کرنے پر ان کی تعریف کرتا ہوں۔ آج کی قانون سازی دفتر برائے بھنگ منیجمنٹ کو ہمارے قوانین کی خلاف ورزی کرنے کی کوشش کرنے والے کاروباروں کو بند کرنے کی حقیقی طاقت دے کر ان اہداف کو مزید آگے بڑھائے گی اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ جن کمیونٹیز کو دوبارہ سرمایہ کاری کرنے کا وعدہ کیا گیا تھا ان میں کوئی کمی نہیں کی گئی ہے۔**"**

**نیویارک اسٹیٹ ٹیکسیشن اینڈ فنانس کی قائم مقام کمشنر Amanda Hiller نے کہا،** "بھنگ کی صنعت سے متعلق ٹیکس قوانین کو مضبوط بنانا اور ان کا بھرپور اور منصفانہ نفاذ صنعت کو طویل مدتی کامیابی فراہم کرے گا۔**"**

OCM نے آج تک 165 لائسنس دیے ہیں اور اس مہینے بھنگ کنٹرول بورڈ کی میٹنگ میں مزید ایوارڈ کیے جائیں گے۔ [ریاست میں اس وقت آٹھ کامیاب ڈسپنسریاں](https://cannabis.ny.gov/dispensary-location-verification) اور ایک ڈیلیوری آپریشن ہے، بشمول مینہیٹن اور کوئنز میں غیر منافع بخش ادارے، کاروباری افراد اور خواتین کے ملکیتی کاروبار، اتھاکا اور سکینیکٹیڈی کے کاروباری افراد، بنگھیمٹن میں ایک غیر منافع بخش ادارہ اور البانی میں ریاست کا پہلا ڈیلیوری کاروبار، جبکہ آنے والے ہفتوں اور مہینوں میں مزید ڈسپنسریاں کھلنے والی ہیں۔ تمام ریگولیٹڈ، لائسنس یافتہ ڈسپنسریوں کے لیے اپنے مرکزی داخلے کے قریب [ڈسپنسری کی توثیق کا ٹول](https://cannabis.ny.gov/dispensary-location-verification) پوسٹ کرنا ضروری ہے۔

18 اپریل کو، گورنر Hochu نے ["Why Buy Legal New York" (نیویارک قانونی کیوں خریدیں) کے آغاز کا اعلان کیا](https://www.governor.ny.gov)، تاکہ نیویارک اسٹیٹ میں لائسنس یافتہ ڈسپنسریوں سے بھنگ کی محفوظ، باخبر، قانونی خریداری کو فروغ دیا جا سکے۔ یہ عوامی تعلیمی مہم نیویارک میں قانونی ڈسپنسریوں کو تلاش کرنے کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے اور بھنگ کو محفوظ طریقے سے استعمال کرنے کے بارے میں تجاویز فراہم کرتی ہے۔ یہ مواد یہاں دستیاب ہیں: https://cannabis.ny.gov/consumers۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418